A U 1954 L A D

گلڈیپ پکچرز کا شاندار ڈرامہ

औलाद

اولاد

yes

2

V. Good

قیمت ۱ر

زمین اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

خلاصہ کہانی سیٹھ منوہر لال اور انکی پتنی سودستیلا کے کوئی اولاد نہ تھی جس سے دونوں بہت دکھی تھے۔ ایک دن منوہر نے اپنی پتنی سے کہا کہ وہ اولاد کیلئے دوسری شادی کرنا چاہتا ہے۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

اولاد کے گانے

نمبر ۱

گئی غم کی رات دن خوشیوں کے آئے
میرا دل گنگنائے میں نے سپنے سجائے جھوم جھوم کے۔۔۔ گئی غم۔۔۔
یوں مسکرائیں آشائیں من میں کھل جائیں جیسے کلیاں چمن میں
ہو ہو ہو من کا پپیہا لگا بولنے
بھوروں میں پیار لگا ڈولنے۔۔۔ گئی غم۔۔۔
ہر سانس بنکے سنگیت نکلا۔ دل ہی نکلا جو گیت نکلا
ہو ہو دنیا سہانی ویسی ہو گئی ہو آج دیوانی میں تو ہو گئی
سپنوں کی میں نے تعبیر دیکھی سا جن کی ننھی سی تصویر دیکھی
ہو ننھا سا مکھڑا چوم چوم کے۔ ہو گانے لگی میں جھوم جھوم کے۔ گئی۔۔

نمبر ۲

چندا سے پیارے آنکھ کے تارے راج دلارے لاڈلے۔ ہو ہو ہو ہو
کھلنے لگے ہیں پھول کیسے میری نگاہوں میں
جلنے لگے ہیں دیپ کیسے جیون کی راہوں میں
تم آگئے تو آگئی دنیا میری دو باہوں میں۔ چندا سے۔۔۔
مل مل کے چندن گنگا جل سے تجھے نہلا دوں میں
ان بھولے بھالے نینوا میں کاجل لگا دوں میں

تک تک کے مُکھڑا پیارا بلہاری جاؤں میں۔ چندا سے ...
میرے ہی ارماں ہنس رہے ہیں تیری ہنسی بن کے
میری ہی خوشیاں جھلک رہی ہیں تیری خوشی بن کے
میرا بچپن لوٹ آیا ہے تیرا بچپن بن کے۔ چندا سے ...
جھولا جھولائیں میری دُعائیں سدا ہی پیارے کو
کبھی نہ دیکھیں غم کے بادل آنکھوں کے تارے کو
مِل جائے داتا میرا بھی جیون میرے دُلارے کو۔ چندا سے

نمبر ۳

بدھائی ہو بدھائی سیٹھ جی بدھائی
بڑی مشکل سے ننھے کے پتا جی کو قرار آیا
ہوا لڑکا خدا کے ڈاک خانے سے یہ تار آیا
ہو ہو جی للہ جیو جیو لیے ننھے
کوئی کہے ہے بڑی راجہ یہ صورت کوئی کہے بڑی رانی یہ صورت
نظر نہ لگا دے کوئی مُنہ جلا ہو ہو جی
سونا برسے چاندی برسے دیئے جلے گھی کے
آنگن میں میراثی ناچے سوگندالیمن پی کے
ہو سیٹھ جی دودھ پلاؤ ہو سیٹھ جی کھیر کھلاؤ
ہو سیٹھ جی عیش کراؤ عیش کراؤ ہو ہو جی۔
پنگھٹ پہ چھوڑ آئی گگریا ارے گاؤ بٹیا کچھ تم بھی گاؤ
پنگھٹ پہ چھوڑ آئی گگریا گھر تیرے ناچنے آئی
ننھے مُنّے تمہیں گود میں لے پنہارن دیوے بدھائی
ارے جیو بٹیا جیو ہو ارے واہ

اولاد

ہیمن میں کشمش لو بادام ۔ کہ دُنیا کے ہونٹوں پہ
سدا ہے تیرا میرا نام کہ دُنیا کے ہونٹوں پہ
نہ میں کھاؤں کترد بھ ملائی نہ میں کھاؤں حلوا
اپنے گھر کی چھت پر بیٹھی دیکھوں تیرا جلوا
ہو ہو نینی تال کی بیبی نینی تال کی بیبی
میں ہوں نینی تال کی بیبی تو ہے لنگڑا آم
کیوں بیٹھے رہے آ کے میں کیوں اتنی دیر لگائی
تو کیا جانے تو نے آ کر ماں کی جان بچائی ہو ہو جی ...
ہو مالنیاں سر پر لائی سبزی کا ٹوکرا
تم کو مبارک باد ننھا سا چھوکرا
ملی ملی برادری لوگ سنگو
کریلے کی ہو گئی سگائی شکر قندی نا چنے آگئی
ٹنڈے دن بیوہ ہو گئی ہائے ہائے ۔ شکر قندی
چھم چھم خوشی سے ناچے ککڑی بینگن نے اسکی کلائی پکڑلی
ہو کدو نے دی بیچ دوہائی ۔ شکر قندی
سیٹھ کے گھر میں بہار آئی ہے ۔ ہوا ہے ٹھنڈی ٹھنڈی
میرے ساتھ مل کر گائے گی پوری سبزی منڈی ۔ ہو ہو جی

نمبر ۵

تم سلامت رہو ہزار برس ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار
من ننگ ننگ ناچے ادھیرا جھوم جھوم کر گائے
ہو ہو یہ دن بار بار آئے ہزار بار آئے من ننگ
دیکھ کے تیرا پھول سا مکھڑا بھول جائیں ہم سارا دکھڑا

اولاد سے بڑھ کر سکھ نہیں کوئی یہ سکھ ہر کوئی پاتا ہے
آج خوشی کی قیمت پوچھے تیری ماتا سے
جس کی لاکھ دعاؤں نے دن مانگا داتا سے
دھن ہے ماں جو جیون دیتی سب کچھ دے کے کچھ نہیں لیتی
ماں کے احسانوں کا بدلہ جگ میں کون چکائے من تنک۔

نمبر ۵

آج گھر والے گھر نہیں بجتا اِک تک بجیا
ٹونڈے لاٹ کا بھی ڈر نہیں بجتا اِک تک بجیا۔ آج گھر...
آؤ بینڈ بجائیں تو تر تو تر تو۔ تم اور ہیں۔
نہیں آئی اینڈ یو۔ لارا لو۔ لارا لو
اُکڑ دو کبڑ بھیا بھبو اسی نوبے پورا سو
بازار گئی ہے میا... آج گھر والے...
آؤ تم کو پڑھاؤں۔ اے۔ بی سی ڈی
کیٹ ماں نے چوہا ریٹ مانے بلی
غلط غلط چل کان پکڑ چل ناک رگڑ
ہائے ٹیچر جی بڑی بھول ہوئی
تھری ٹو ون چل نو دو گیارہ چل نو دو گیارہ
گگڑ کو دو کانوں میں سر کر دوں
ہائے دیا ہائے دیا ہائے دیا۔ آج گھر والے...

نمبر ۶

تیری دنیا میں ہر نیکی کا بدلا کیوں برائی ہے
او آسمان والے یہ کیا دنیا بنائی ہے

دُنیا تصویر ہے روتے ہوئے انسانوں کی
ایک بستی ہے یہ اُجڑے ہوئے ارمانوں کی
تیرے بندوں کو یہاں ٹھوکریں کھاتے دیکھا
راہ میں تیری انہیں جان سے جاتے دیکھا
خاک ہر سمت یہاں اُڑتی ہے پروانوں کی
آ میں پھر تیری دُنیا میں دکھاؤں تجھ کو
دیکھ انسانوں پہ بیداد یہ انسانوں کی۔ دُنیا تصویر۔۔
اپنی دُنیا میں غریبوں کو رُکھانے والے
اے دیوالی کے دن جگ میں جگانے والے
اِک نظر دیکھ ذرا روشنی۔ دُنیا تصویر ہے۔

تمام شد

اُلّو تنتر عرف گنجینہ طلسمات

ناظرین فن جادوگری کی یہ وہ نایاب کتاب ہے جس کے لئے مدت سے دُنیا منتظر رہی ہے۔ روئے زمین کا ہر فرد بشر ہندو مسلمان سکھ عیسائی اُس کا بخوبی واقف ہے کہ پرندہ اُلو جس پر تمام دُنیا معتقد ہے کے اجزا میں بڑی بھاری عجیب و غریب غضب کی طاقتیں بھری پڑی ہیں۔ اور اس کے ذریعے بڑے بڑے عجیب و غریب حیرت انگیز کام نکلوائے جاسکتے ہیں۔ اُلّو تنتر کو عام بازاری کتابوں میں شمار کرنا سراسر ظلم ہوگا۔ آج ہی طلب کریں

قیمت صرف ۱/-/۱ محصول ڈاک معاف

بوٹ پالش سازی

ہماری اس کتاب میں بوٹ پالش سے متعلقہ تمام باتیں لکھی ہیں۔ بوٹ کریم بلیکو کنیوس پالش بنانے کے سب نسخے شامل کئے گئے ہیں۔ بوٹ پالش کے تیار کرنے میں جن چیزوں کی ضرورت ہے سب کا پورا حال درج ہے۔

قیمت صرف 3/4/- محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی